SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
April 28, 2026

SECP Approves Roadmap to Revive Pakistan's Underdeveloped ETF Market

ISLAMABAD, April 28: The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has developed a roadmap to revive Pakistan's underdeveloped Exchange Traded Fund (ETF) market by providing digital onboarding platforms, reducing cost and offering passive investment options to the investors. Under the new framework, asset management companies (AMCs) can now sell ETFs directly to investors, bypassing traditional stockbrokers, and even open brokerage accounts for them. AMCs will also be allowed to share a portion of their ETF management fees with brokers who help distribute these funds, aligning incentives to further lower investor costs and expand market outreach.

The roadmap, developed with input from the PSX, NCCPL, CDC, MUFAP, brokers, and AMCs, will roll out in phases. For the first time, securities brokers will be allowed to launch and manage ETFs themselves, a move aimed at reducing costly multi-layered management structures and increasing product variety in the market. In addition, passive investment options such as Index Tracker Funds and ETFs will be added to the Voluntary Pension System (VPS), offering long-term investors with lower management fees compared to traditional VPS equity funds. To support these changes, investor awareness campaigns and operational upgrades will complement the digital onboarding infrastructure.

SECP reiterated its commitment to strengthening Pakistan's capital markets by promoting transparent, innovative, and cost-efficient investment products. The development of the ETF market is expected to enhance market depth, improve liquidity, and broaden investor participation for both retail and institutional investors. Necessary implementation instructions have been issued to all stakeholders.

ایس ای سی پی کا ای ٹی ایف مارکیٹ کی بہتری کے لیے نئے روڈ میپ کا اعلان: سرمایہ کار اب براہِ راست خریداری کر سکیں گے

اسلام آباد، 28 اپریل 2026: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ملک میں ای ٹی ایف کی مارکیٹ کو دوبارہ فعال کرنے کے لیے ایک جامع منصوبہ تیار کیا ہے، جس کا مقصد ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کی فراہمی، اخراجات میں کمی اور سرمایہ کاروں کو آسان طریقے فراہم کرنا ہے ۔ اس نئے فریم ورک کے تحت، ایسیٹ مینجمنٹ کمپنیاں اب روایتی اسٹاک بروکرز کی مدد کے بغیر براہِ راست سرمایہ کاروں کو ای ٹی ایف فروخت کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے بروکریج اکاؤنٹس بھی کھول سکیں گی ۔ مزید برآں، ایسیٹ مینجمنٹ کمپنیوں کو اپنی مینجمنٹ فیس کا ایک حصہ ان بروکرز کے ساتھ بانٹنے کی اجازت دی جائے گی جو ان فنڈز کی تقسیم میں مدد کریں گے تاکہ سرمایہ کاروں کے اخراجات مزید کم ہوں اور مارکیٹ کی رسائی بڑھے ۔

یہ روڈ میپ، جو پاکستان اسٹاک ایکسچینج، نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی، میوچل فنڈز ایسوسی ایشن آف پاکستان، بروکرز اور ایسیٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے مشورے سے تیار کیا گیا ہے، مختلف مراحل میں

نافذ کیا جائے گا ۔ اس منصوبے کی ایک اہم خاصیت یہ ہے کہ پہلی بار سیکیورٹیز بروکرز کو خود ای ٹی ایف لانچ کرنے اور ان کا انتظام سنبھالنے کی اجازت دی گئی ہے، تاکہ مارکیٹ میں مصنوعات کی اقسام میں اضافہ ہو اور انتظام کے مہنگے ڈھانچوں کو کم کیا جا سکے ۔ اس کے علاوہ، والنٹری پینشن سسٹم میں انڈیکس ٹریکر فنڈز اور ای ٹی ایف جیسے کم فیس والے آپشنز بھی شامل کیے جائیں گے ۔

ان تبدیلیوں کو کامیاب بنانے کے لیے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کی بہتری کے ساتھ ساتھ سرمایہ کاروں کی آگاہی کی مہم بھی چلائی جائے گی ۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن نے سرمایہ کاری کی شفاف اور کم لاگت مصنوعات کو فروغ دے کر پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ کو مضبوط بنانے کے عزم کو دہرایا ہے ۔ توقع ہے کہ ای ٹی ایف مارکیٹ کی اس ترقی سے مارکیٹ میں گہرائی آئے گی، سرمائے کی روانی میں بہتری ہوگی اور عام و ادارہ جاتی سرمایہ کاروں کی شرکت بڑھے گی ۔ اس سلسلے میں عملدرآمد کی ضروری ہدایات پاکستان اسٹاک ایکسچینج، نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی، میوچل فنڈز ایسوسی ایشن آف پاکستان، بروکرز اور ایسیٹ مینجمنٹ کمپنیوں کو جاری کر دی گئی ہیں ۔